رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے ارسال کریں۔ ایک کوپن ایک فرد کے لیے ہے۔ شرائط پر پورا نہ اترنے والوں سے معذرت۔

فالج کا روحانی و جسمانی علاج

سات (7) دن کا عمل جس سے ان شاء اللہ، بہت فائدہ ہوگا۔

جادو کا بیری کے پتوں کے ذریعے خاص علاج

پینے اور غسل کرنے کا خاص علاج۔ اس علاج کے لیے 42 بیری کے پتے ارسال کریں۔ ان کو دم کر کے آپ کو مع طریقہ واپس ارسال کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ، اس کے استعمال سے ہر قسم کا جسمانی جادو ختم ہوگا۔

گم شدہ کو واپس لانا

گم شدہ کو واپس لانے کے لیے تعویذ اور وظیفہ۔ گم شدہ کا نام مع والدہ اور جس کے پاس واپس آنا ہے، اس کا نام مع والدہ ارسال کریں۔

مریض پر جادو اور جنات کی تشخیص

کیا مریض کے جسم پر جادو، جنات یا دونوں کے اثرات ہیں؟ اس کو جاننے کے لیے مریض کے سینے سے لگا ہوا کپڑا جو ایک (1) رات کا پہنا ہوا ہو، وہ روحانی علاج گاہ کو ارسال کریں۔

شادی کے لیے تالے والا عمل

شادی ہونے کے لئے تالے والا خاص عمل۔ دیسی تالا جس کو سامنے سے چابی لگتی ہو، وہ ادارے کو ارسال کریں یا پھر اس کی قیمت ادا کریں اور سائل کا نام مع والدہ بتائیں۔ عمل کر کے تالا آپ کو بھیج دیا جائے گا۔

تسخیر خلائق کا خاص عمل

ایسے تمام افراد جن کا تعلق لوگوں سے رہتا ہے جیسے وکیل، حکیم، ڈاکٹر، عامل، مارکٹنگ والے وغیرہ...... ان کے لیے بہت ہی مجرب عمل۔

ہبوط مریخ حاسدین کے عزائم باندھنے کا خاص عمل

ناظم روحانی درسگاہ حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر

حسد ایک ایسی برائی ہے جو آغاز کائنات سے چلتی آرہی ہے۔ سب سے پہلا حسد آسمانوں پر ہوا اور وہ حسد ابلیس نے شیطان نے کیا گویا کہ حسد کی بنیاد شیطان نے رکھی۔ حسد کا آغاز شیطان سے ہوا۔ جب اللہ پاک نے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ تعظیمی کے لئے فرشتوں کو حکم دیا۔ تو سب نے بات کو مانا۔ ابلیس نے حسد کی آگ میں جلتے ہوئے سجدے سے انکار کیا گویا کہ اللہ رب العزت کی بات ماننے سے انکار کر دیا اور متکبرانہ الفاظ زبان سے نکالے۔ گویا کہ سیدنا آدم علیہ السلام کی عزت وعظمت اور سیدنا آدم علیہ السلام کی شان وشوکت ان کا مرتبہ مقام، ان کی رفعت وبلندی اس سے برداشت نہ ہوئی۔ احساس کمتری کا شکار ہو گئے۔ حسد کی آگ میں جلنے لگا۔ اللہ پاک کی سیدنا آدم علیہ السلام کو دی گئی عزت، دیا گیا مقام، دی گئی شان وشوکت، دیا گیا بلند مرتبہ اسے برداشت اور ہضم نہ ہوا۔ حالانکہ یہ عزت، یہ حرمت، یہ شان، یہ بلندی، یہ مقام، یہ مرتبہ، یہ رفعت سیدنا آدم علیہ السلام کو کس نے دیا تھا۔ اللہ پاک نے دیا تھا اور ابلیس کو اس سے پہلے اپنی جگہ پر، اپنے طریقے سے اس کی حیثیت کے مطابق عزت اور بلندی دی جا چکی تھی کہ یہ زمین سے آسمانوں پر بلایا گیا تھا۔

پستی سے بلندی کی طرف لے جایا گیا تھا۔ اس کو طاؤس الملائکہ کا خطاب دیا جا چکا تھا۔ تو اس کو یہ سب کچھ کس نے دیا تھا۔ اللہ پاک نے ہی دیا تھا لیکن حسد کی آگ میں ان ساری نعمتوں، ان سارے انعامات، ان ساری کرامات، ان سارے اعزازات کو یکسر بھلا کر اپنے خالق، اپنے مالک، اپنے خدا، اپنے اللہ کی نافرمانی اور اللہ پاک کے فیصلے کی مخالفت پر اتر آیا۔ قارئین! کسی بھی شخص مرد وعورت کا کسی دوسرے سے حسد کرنا، جلنا، سڑنا، جیلسی پن، احساس کمتری کا شکار ہونا اس کے حسن کو دیکھ کر، صحت کو دیکھ کر، رنگ کو دیکھ کر، شکل کو دیکھ کر، خوبصورتی کو دیکھ کر، قد کاٹھ کو دیکھ کر اس کی عزت دیکھ کر، اس کا مرتبہ دیکھ کر، اس کی ویلیو دیکھ کر، اس کی حیثیت دیکھ کر، اس کی بڑائی دیکھ کر، اس کی شان شوکت دیکھ کر، اس کی آؤ بھگت دیکھ کر، اس کا مقام دیکھ کر، اس کی آن بان دیکھ کر، اس کے تعلقات دیکھ کر، اس کا گھر دیکھ کر، اس کے بیوی بچے دیکھ کر، اس کی نوکری دیکھ کر، اس کی گاڑی دیکھ کر، اس کی دکان دیکھ کر، اس کا کاروبار دیکھ کر، اس کا روزگار دیکھ کر، اس کی فیکٹری دیکھ کر، اس کی ملز دیکھ کر، اس کا کارخانہ دیکھ کر، اس کا آتا ہوا رزق دیکھ کر، اس کو بچوں کی تعلیم دیکھ کر، اس کے بچوں کا اعلیٰ مستقبل دیکھ کر الغرض کسی کی کسی بھی چیز کو دیکھ کر خوش نہ ہونا۔ حالانکہ خوش ہونا چاہیے تھا۔ حسد کہلاتا ہے۔ حق تو یہ ہے کہ جس کو اللہ پاک عزت دے اس کو ہمیں بھی عزت دینی چاہئے۔ اللہ پاک کے فیصلوں کا احترام کرنا چاہیے۔ ہر ایک کو ہر ایک چیز کس نے دی ہے۔ اللہ پاک نے دی ہے اور اگر کسی کو کوئی چیز کسی خاص مصلحت اور حکمت کے تحت نہیں دی گئی تو نہ دینے کا فیصلہ کس کا ہے۔ اللہ پاک نے دی ہے اور اگر کسی کو کوئی چیز کسی خاص مصلحت اور حکمت کے تحت نہیں دی گئی تو نہ دینے کا فیصلہ کس کا ہے۔ اللہ پاک کا ہے تو ایک بندے کا کام اپنے اللہ پاک، اپنے خالق اپنے رازق، اپنے مالک حقیقی کے تمام تر فیصلوں کا ماننا ہے۔ اس کے فیصلوں کا انکار کرنا، اس کے فیصلوں کی مخالفت کرنا، اس کے فیصلوں سے حسد کرنا، اس کے فیصلوں کو تسلیم نہ کرنا، اس کے فیصلوں سے جلن کرنا، اس کے فیصلوں کو حق نہ ماننا یہ شیطانی فعل ہے۔ ابلیس اور شیطان کی طرح کسی کا جلنا، سڑنا پریشان ہونا، مخالف ہونا، حسد کرنا، برداشت نہ کرنا، ہضم نہ ہونا یہ بھی ابلیسی اور شیطانی فعل ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پھر اس کی نعمتوں سے اس کی تمام چیزوں کو دیکھ کر مخالف منصوبے، مخالف سوچیں، مخالف باتیں، مخالف خیالات، مخالف پروپیگنڈے، مخالف حرکات، مخالف سازشیں، مخالف افعال، یہ بھی شیطانی فعل ہے۔ اللہ پاک ہمیں سمجھ عطا فرمائے۔ اپنے فیصلوں کو ماننے کی توفیق عطا

فرمائے۔ایسی تمام حرکات سے اللہ پاک ہماری حفاظت فرمائے۔اللہ پاک اپنے خزانوں سے سب کو سب کچھ عطا فرمائے۔ہمیں ایک دوسرے کی خوشیاں دیکھ کر خوش ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

قارئین! بہت سارے لوگ حاسد لوگوں سے پریشان ہیں۔ان کی شرارتوں، ان کی مذموم حرکتوں، ان کی خباثتوں، ان کی نظر بد، ان کے جادو ٹونے سے پریشان ہیں، ایسے تمام پریشان حال لوگوں کی، ان کی خوشیوں کی، ان کی تمام نعمتوں اور تمام چیزوں کی اللہ پاک حفاظت فرمائے۔

قارئین! آج آپ کو ایسے تمام بھائیوں اور بہنوں کو ایک عمل بھی بتلانا ہے اور ایک خاص تعویذ بھی دینا ہے۔عمل تو آپ نے ساری زندگی پڑھنا ہے صرف ایک منٹ کا عمل صبح شام کرنا ہے۔تا زندگی اس کو نہیں بھولنا، پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر دم شدہ ہاتھ پھیر لینے ہیں۔اس میں نیت ہر طرح کے تمام حاسدوں، تمام مخالفوں، تمام سازشیوں کی تمام مخالفتوں، تمام سازشوں، تمام شرارتوں، تمام خباثتوں، تمام پروپیگنڈوں اور ہر طرح کے حسد سے بچنے، محفوظ رہنے کی کرنی ہے اور اس تعویذ کو اپنے پاس رکھنا ہے۔یہ تعویذ کیا ہے؟ یہ تعویذ ان کے تمام غلط منصوبوں، غلط ارادوں، غلط سوچوں، غلط خیالات کو باندھنے کا خاص تعویذ ہے۔آئندہ کبھی بھی کسی بھی وقت آپ کے حاسد، آپ کے مخالف، آپ کے خلاف سوچ ہی نہ سکیں، منصوبہ سازی نہ کر سکیں، یہ تعویذ دور حاضر کے ہر شخص کی پہلی اور آخری ضرورت ہے۔

تعویذ کے لئے مخالف کا نام مع والدہ کے اعداد نکال کر ان میں 2824 اعداد کا اضافہ کر لیں پھر مربع نقش کی خاکی چال سے تعویذ لکھ کر اس کو 2 رانی قبروں کے درمیان یا کسی ویرانے میں دفن کر دیں۔مثال کے ذریعے تعویذ لکھنا سمجھ لیں۔

مخالف کا نام امین ا1 + م40 + ی10 + ن50 =101

والدہ کا نام مریم م40 + ر200 + ی10 + م40 =290

اعداد نام مخالف مع والدہ: 391

اس میں شامل کرنے ہیں: 2824

کل اعداد اس میں سے منفی کریں (3215-30=3185)

باقی 3185 کو 4 پر تقسیم کر دیں: جب تقسیم کیا تو حاصل تقسیم 796 آیا: باقی بچا تو خانہ کسر 13 بنا لیں:

تعویذ خاص

۸۰۵	۸۰۰	۷۹۹	۸۱۱
۷۹۸	۸۱۲	۸۰۴	۸۰۱
۸۰۹	۷۹۷	۸۰۲	۸۰۷
۸۰۳	۸۰۲	۸۱۰	۷۹۶

بند کردم عزائم رافلاں بن فلاں بحق فلاں بن فلاں

عمل خاص: (یا حفیظ یا سلام) ہبوط مریخ میں اس کو گیارہ (1100) بار پڑھ لیں پھر روزانہ صبح شام ۱۱۰ بار پڑھیں۔

بقیہ (ص 32) آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

رکعت نفل کوئی بھی سورتوں کے ساتھ پڑھ کر اکتالیس (41) بار سورہ مزمل پڑھیں۔یہ عمل متواتر چاند کی آخری تاریخ تک جاری رکھیں۔بعدہ ہر ماہ قمری کے شروع کی تین (3) تاریخوں میں متذکرہ بالا طریق کے مطابق عمل پڑھیں۔پھر چوتھے (4) دن سے ہر روز متذکرہ بالا ہر روز اکتالیس (41) بار سورۂ مزمل شریف پڑھتے رہیں اور یہ سلسلہ برابر جاری رکھیں تا زیست یا جب تک جی چاہے۔ہر ماہ کے شروع کی تین تاریخوں میں پرہیز ترک جلالی و جمالی کرنا ہوگا یعنی ہر طرح کا گوشت اور حیوانی چیز مثلاً دودھ، دہی، شہد وغیرہ نہیں کھانا۔اس عمل کے کرنے سے غیب سے رزق کے معاملہ میں مدد ملتی رہے گی۔اس کی کوئی بھی صورت ہو سکتی ہے۔

بقیہ (ص 39) نظرات سیارگان کے اعمال

	یا ھادی			
	ان عذاب ربک لشدید	ان عذاب ربک لشدید	ان عذاب ربک لشدید	
یا ھادی	ان عذاب ربک لشدید	ان عذاب ربک لشدید	ان عذاب ربک لشدید	یا ھادی
	ان عذاب ربک لشدید	ان عذاب ربک لشدید	ان عذاب ربک لشدید	
		یا ھادی		

عمل: یہ عمل اس عذاب میں مبتلا شخص خود بھی 41 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی سکتا ہے۔بصورت دیگر کوئی دوسرا شخص دم کر کے پلائے۔پانی پر ان عذاب ربک لشدید 41 بار کے 3 دم کریں اور یہ پانی ۱۱ دن پلائیں۔

اَلْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿١٧﴾

مسان و سوکھے پن کا روحانی علاج

حضرت مولانا اعجاز احمد خان مدظلہ (کراچی)

مسان کا علاج

نیلے رنگ کے سوت کی اکتالیس (41) تار لیں۔ پیشانی کے بال سے پاؤں کے انگوٹھے تک ان کو یکجا کر کے سورۂ طارق (پ ۳۰) باوضو پڑھ کر ایک (1) گرہ لگا دیں اور اس پر دم کر دیں۔ اس طرح پڑھتے جائیں اور گرہ لگاتے جائیں اور گرہ پر دم کرتے جائیں۔ اسی طرح اکتالیس (41) مرتبہ سورۂ طارق پڑھ کر اکتالیس (41) گرہ لگائیں اور ان گرہوں پر ساتھ ساتھ دم بھی کرتے جائیں۔

یہ دھاگہ حاملہ عورت کے پیٹ کے نیچے باندھ دیں اور یہ ہر حالت میں بندھا رہے۔ جب بچہ پیدا ہو تب یہ گنڈہ کھول کر بچے کو نہلا کر اس کے گلے میں ڈال دیں۔ اور یہ گنڈہ سات (7) سال تک بچے کے گلے میں پڑا رہے۔ سات سال پورے ہو جائیں تو گنڈے کو پتھر یا اینٹ کے ساتھ باندھ کر سمندر، دریا، نہر یا جھیل میں ڈال دیں۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ حمل قائم رہے گا۔ بچہ صحیح سالم اور تندرست پیدا ہوگا اور لمبی عمر پائے گا۔ یہ انتہائی مجرب عمل ہے۔ سورۂ طارق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿١﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ﴿٢﴾ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ﴿٣﴾ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿٤﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿٥﴾ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿٦﴾ يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ﴿٧﴾ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ﴿٨﴾ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ﴿٩﴾ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ﴿١٠﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ﴿١١﴾ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ﴿١٢﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ﴿١٣﴾ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ﴿١٤﴾ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿١٥﴾ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿١٦﴾ فَمَهِّلِ

سوکھے بچے کا علاج

جس بچے کو سوکھے کا مرض ہو اور دن بدن گھلتا جا رہا ہو یہاں تک کہ اس کا جسم صرف ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ گیا ہو اور اس کے جسم کا گوشت گھل کے غائب ہو گیا ہو، کوئی بھی دوا یا غذا اسے نہ لگتی ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ایک (1) عدد تازہ بینگن لیں۔ بینگن چاہے گول ہو یا لمبا، دونوں کارآمد ہیں۔ اس پر نقش باوضو روشنائی سے بنائیں۔ نقش یہ ہے:

دی	ولا	ط
و	ہ	لا
ای	ق	مس

بینگن کو اس چارپائی یا دری کے اوپر لگا دیا جائے، جہاں بچہ سوتا ہے۔ بینگن دن بدن سوکھتا رہے گا اور ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ دن بدن موٹا اور تندرست ہوتا رہے گا۔ دوسرا نقش باوضو ایک (1) کاغذ پر لکھیں اور موم جامہ کر کے کالے یا نیلے کپڑے میں لپیٹ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ اس بیماری سے محفوظ رہے گا۔ کاغذ پر لکھنے والا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۴۱۶	۴۲۹	۴۲۶	۴۲۳
۴۲۷	۴۲۲	۴۱۷	۴۲۸
۴۲۱	۴۲۴	۴۳۱	۴۱۸
۴۳۰	۴۱۹	۴۲۰	۴۲۵

رزق خوشحالی، ترقی، عزت اور شہرت کے لئے تکسیر جفری

رُوحانی وَ جسمانی طبیب فقیر امتیاز علی قادری (سندھ)

ترکیب آپ دوستوں کے لیے اسماء الاہی (یارزاق یاغنی یاجامع) کی تکسیر جفری تیار کی ہے، استعمال کریں اور روحانی فوائد حاصل کریں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ نوچندی اتوار کے دن ساعت شمس میں اگربتیاں خوب سلگائیں اور سفید پیپر پر مشک و زعفران کی سیاہی سے یا پھر مجبوری کی حالت میں سیاہ سیاہی سے چار (4) عدد تعویذات لکھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یارزاق یاغنی یاجامع

یاجبرائیل علیہ السلام — یامیکائیل علیہ السلام

ر	ز	ا	ق	غ	ن	ی	ج	ا	م	ع
ع	ر	م	ز	ا	ا	ج	ق	ی	غ	ن
ن	ع	غ	ر	ی	م	ق	ز	ج	ا	ا
ا	ن	ا	ع	ج	غ	ز	ر	ق	ی	م
م	ا	ی	ن	ق	ا	ر	ع	ز	ج	غ
غ	م	ج	ا	ز	ی	ع	ن	ر	ق	ا
ا	غ	ق	م	ر	ج	ن	ا	ع	ز	ی
ی	ا	ز	غ	ع	ق	ا	م	ن	ر	ج
ج	ی	ر	ا	ن	ز	م	غ	ا	ع	ق
ق	ج	ع	ی	ا	ر	غ	ا	م	ن	ز
ز	ق	ن	ج	م	ع	ا	ی	غ	ا	ر

كهيعص — یارزاق یاغنی یاجامع

حمعسق — یارزاق یاغنی یاجامع

یارزاق یاغنی یاجامع

یاحیُّ یاقیوم

یارزاق یاغنی یاجامع فلاں بن فلاں کو رزق، خوشحالی، ترقی، عزت شہرت وفتوحات میں اضافہ فرما دے صدقے محمدؐ وآلِ محمدؐ کے آمین۔

جب تعویذات تیار ہو جائیں تعویذات پر عمدہ عطر لگائیں اور مقناطیس باریک سفوف شدہ ایک (1) ایک (1) تعویذ پر تھوڑا تھوڑا رکھ دیں۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل کلمات کو اس ترکیب سے پڑھیں۔ (یارزاق یاغنی یاجامع) بارہ سو (1200) مرتبہ پڑھیں (ان اللہ ھو الرزاق ذو القوۃ المتین) پانچ سو (500) مرتبہ پڑھیں (اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز) تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھیں۔ عمل کے دوران اول و آخر گیارہ (11) مرتبہ درود پاک ضرور پڑھیں۔ تعویذات پر تین (3) مرتبہ دم کر کے دعا مانگیں، تعویذات لکھنے اور عمل پڑھنے کے دوران یکسوئی بہت ضروری ہے۔

ترکیب استعمال:

تعویذ نمبر ایک (1): تعویذ پر دس (10) روپیہ یا پچاس (50) روپیہ کا نوٹ لپیٹ کر اس کے بعد سیاہ کپڑا لپیٹ کر موم جامہ کر کے بازو پر باندھ دیں۔

تعویذ نمبر دو (2): تعویذ کو کاروباری مین دروازے کے اوپر اندرونی طرف سے کھلا ہوا لگا دیں۔

تعویذ نمبر تین (3): تعویذ کو کاروبار کی مین دیوار پر کھلا ہوا لگا دیں۔

تعویذ نمبر چار (4): تعویذ کو مکان کی مین دیوار پر کھلا ہوا لگا دیں جب سارے تعویذات استعمال ہو جائیں تو اس کے بعد سائل خود روزانہ عشاء نماز بعد یکسوئی کی حالت میں اول و آخر گیارہ (11) مرتبہ درود پاک پڑھیں اور درمیان میں (یارزاق یاغنی یاجامع) تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھیں، (ان اللہ ھو الرزاق ذو القوۃ المتین) سائل معہ والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھیں (اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز) ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھیں اور دعا مانگیں، ان شاء اللہ تعالیٰ اللہ پاک کے کرم سے اور عمل کی برکت سے تھوڑے ہی دنوں میں کاروباری ترقی، رزق، خوشحالی، عزت اور شہرت میں اضافہ ہوتا جائے گا اور تنگ حالات بہتر ہوتے جائیں گے۔

21 دنوں میں ہر قسم کی بندش و جادو ختم کرنے کا خاص روحانی کورس

اگر آپ پر سفلی بندش ہے یا آپ پر جادو جنات اور سحر کے ذریعہ سے لگائی گئی بندش ہے تو آپ کے لئے یہ کورس مفید ہے۔ جو شخص پریشان ہو، خود کی یا کسی بھائی یا بہن کی یا اولاد کی شادی میں طرح طرح کی روکاٹیں پیدا ہو رہی ہوں، شادی کے رشتے اول تو آتے ہی نہیں یا آتے ہیں تو بہانے بہانے سے انکار کردیتے ہیں۔ ان سب شکایات کے ازالہ کے لئے ایک خاص الخاص کورس۔ اگر جادو سحر، آسیبی اثرات کی وجہ سے آپ کے کاروبار پر بندش ہو یا کسی مخالف نے سفلی عمل کے ذریعے سے بندش لگوادی ہو تو یہ روحانی کورس آپ کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ رزق کی بندش، صحت کی بندش، رشتہ کی بندش، شہوت کی بندش، سفر کی بندش، نیز ہر قسم کی بندش کے لئے یہ کورس بہت مفید ہے۔

جناتی بندش	جادوئی بندش	آسیبی بندش
عملیاتی بندش	شیطانی بندش	تعویذاتی بندش
مردانہ بندش	زنانہ بندش	اولاد کی بندش
رشتوں کی بندش	کاروباری بندش	ملازمت کی بندش

ہر طرح کی تمام چھوٹی، بڑی، نئی، پرانی، معمولی اور زیادہ بندشوں کے توڑ اور خاتمے کا خاص روحانی کورس۔ بندشیں خواہ کسی بھی وجہ سے ہوں یا کسی بھی طرح کی ہوں خود اور اپنے مریضوں کو یہ کورس استعمال کروائیں۔

ھدیہ فی کورس (معمولی) 2100 روپے

(درمیانہ) 3100 روپے

(سخت) 4100 روپے

بزرگان دین سے منسوب تعویذات

مئی 2023 میں تعویذات پر 10% رعایت

1000 روپے تک کی خریدی پر 20% خصوصی رعایت

بزرگان دین، علمائے کرام، مشائخ عظام کے تجویز کردہ مختلف مقاصد کیلئے تیر بہدف، مجرب، زوراثر تعویذات۔ درج ذیل بزرگان دین کے تعویذات دستیاب ہیں۔ صرف بزرگوں کے نام دیں گئے ہیں۔ تعویذات کی مکمل تفصیل پی ڈی ایف میں دی گئی ہے۔

٭ شیخ العالمین استاذ العلماء والعالمین عارف باللہ استاذ محترم حضرت مولانا محمد امان اللہ نقشبندی قادری نور اللہ مرقدہ ٭ امام ربانی شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نور اللہ مرقدہ ٭ شاہ عبد العزیز محدث دہلوی نور اللہ مرقدہ ٭ شاہ رفیع الدین نور اللہ مرقدہ (سابق مہتمم، دار العلوم دیوبند) ٭ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نور اللہ مرقدہ ٭ حضرت مولانا یعقوب نانوتوی نور اللہ مرقدہ (اوّلین صدر مدرس، دار العلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی نور اللہ مرقدہ ٭ حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ (سرخیل اعظم مسلک علماء دیوبند) ٭ ولی کامل حضرت مولانا سید اصغر حسین نور اللہ مرقدہ (سابق محدث دار العلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا انور شاہ کشمیری نور اللہ مرقدہ (سابق شیخ الحدیث، دار العلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن نور اللہ مرقدہ (سابق مفتی اعظم دار العلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا یٰسین نور اللہ مرقدہ (سابق مدرس، دار العوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا اعزاز علی نور اللہ مرقدہ (سابق شیخ الادب والفقہ دار العلوم دیوبند) ٭ عارف باللہ حضرت مولانا عابد حسین نور اللہ مرقدہ (یکے از بانیان دار العلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا قاری طیب نور اللہ مرقدہ (سابق مہتمم دار العلوم دیوبند) ٭ مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد شفیع نور اللہ مرقدہ ٭ حضرت مولانا احمد رضا خان نور اللہ مرقدہ ٭ حافظ الحدیث حضرت مولانا عبد اللہ درخواستی نور اللہ مرقدہ ٭ حضرت مولانا سید زوّار حسین شاہ نور اللہ مرقدہ ٭ حضرت مولانا محمد ہاشم نور اللہ مرقدہ (والد محترم حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمۃ اللہ علیہ) ٭ حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی مدظلہ

پی ڈی ایف کے لئے لنک پر جائیں۔

https://bit.ly/3nTdnXj https://bit.ly/3MuuOrq

مجرب تعویذات

حضرت مفتی ظہور احمد محسود (ٹانک)

سینہ کے درد سے نجات

اگر کسی کے سینہ میں درد ہو تو مندرجہ ذیل آیات تعویذ بنا کر پہنے، ان شاء اللہ شفایابی ہوگی۔ انتہائی مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۔ (البقرة:۱۷۸)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ۔ (الانفال:۶۶)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ۔ (النسآء:۲۸)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۔ (البقرة:۱۸۶)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۔ (الفرقان:۴۵)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔ (الانعام:۱۳)

درد سینہ کے لئے دوسرا عمل

حافظ ابن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ سینہ کے درد کے لئے مندرجہ ذیل آیتیں لکھ کر باندھنا بہت مفید ومجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿۱﴾ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ﴿۲﴾ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ﴿۳﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ﴿۴﴾ (مریم:۱-۴)۔ اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا (الفرقان:۴۵)۔ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ ، كَمْ لِلّٰهِ مِنْ نِّعْمَةٍ فِيْ كُلِّ عَبْدٍ شَاكِرٍ وَّغَيْرِ شَاكِرٍ وَكَمْ لِلّٰهِ مِنْ نِّعْمَةٍ فِيْ كُلِّ عِرْقٍ سَاكِنٍ وَّغَيْرِ سَاكِنٍ اِذْهَبْ اَيُّهَا الصُّدَاعُ بِعِزِّ عِزِّ اللّٰهِ وَبِنُوْرِ وَجْهِ اللّٰهِ ۔ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (الانعام:۱۳)۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

کھیتی وغیرہ کی ٹڈّی سے حفاظت

مندرجہ ذیل کلمات کو لکھ کر بانس کی نلکی میں بند کر کے کھیت میں دفن کریں۔ انتہائی مجرب عمل ہے۔ وہ کلمات یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ۔ اَللّٰهُمَّ اَهْلِكْ صِغَارَهُمْ وَاقْتُلْ كِبَارَهُمْ وَافْسِدْ بِيْضَهُمْ وَخُذْ بِاَفْوَاهِهِمْ عَنْ مَعَايِشِنَا وَارْزُقْنَا اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ ۢبِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاسْتَجِبْ مِنَّا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

بچہ کے زیادہ رونے کا تعویذ

اگر کوئی بچہ بہت زیادہ روتا ہو اور اس کو نیند نہ آتی ہو تو اس بچہ کے گلے میں اصحاب کہف کے ساتوں نام لکھ کر ڈال دینے سے اس کو فائدہ ہوگا۔

استقامت... ایک نعمت

صوفی محمد ایاز اسلمی اویسی مدظلہٗ (کراچی)

فَثَبِّتْنَا وَ انْصُرْنَا وَسَخِّرْ لَنَا هٰذَا الْبَحْرَ

فَثَبِّتْنَا: طلب استقامت یعنی پس ہم کو ظاہر و باطن میں ثابت قدم رکھ، ہماری طبیعت میں ٹھہراو پیدا کر۔

وَ انْصُرْ: اور ہماری مدد فرما اپنے اسباب اور اپنی قدرت وقوت کے ذریعہ سے۔

وَسَخِّرْ: اور قابو کردے یا تابع کردے، فتح کردے یا آسان کردے ہمارے لئے۔

هٰذَا الْبَحْرَ: یہ سمندر۔ بحر کہتے ہیں سمندر کو۔ یعنی ملاءِ اعلیٰ کی تمام تر قوتیں اور وہ تمام اسباب ظاہری و باطنی جن سے ہم اپنے مقاصد کے حصول میں کامیابی حاصل کرسکیں۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ عالم غیب سے جو نعمت و مدد اس عالم دنیا میں ہم تک پہنچتی ہے، اس میں اللہ رب العزت کی قدرت وملائکہ سمیت 360 اسباب کارفرما ہوتے ہیں۔ لہٰذا یہاں وَسَخِّرْ لَنَا هٰذَا الْبَحْرَ سے مراد ہے کہ اے رب کریم! ہماری حاجت کو پورا کرنے میں جو بھی اسباب کارفرما ہیں، ان کو ہمارے لئے تابع فرمادے۔

استقامت سب سے بڑی کرامت ہے اور دلیل ہے مقبولیت کی۔ کامیابی کا راز استقامت میں پنہاں ہے۔ دینی مقاصد ہوں یا دنیوی، جس نے بھی استقامت کا راستہ اختیار کیا، کامیاب ہوا۔ صوفیاء کرام کے اقوال میں ہے کہ جو شخص اپنی صفات پر استقامت اختیار نہیں کرے گا، وہ اپنے موجودہ مقام سے بلند مقام ہرگز نہ جاسکے گا۔ استقامت کا چھوٹ جانا، رب تعالیٰ کی رحمت کو دور کردیتا ہے جیسا کہ سورۃ الجن میں ہے کہ

وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا

اگر وہ راہ راست پر قائم رہتے تو ہم انہیں کثرت کے ساتھ سیراب کردیتے۔

استقامت کا حصول ہی وہ کنجی ہے جس سے باب کرم کشادہ ہوتا ہے اور رحمت خداوندی بندے کو اپنی آغوش میں لے لیتی ہے، جس سے اس کے تمام رنج وغم، خوشی ومسرت میں ڈھل جاتے ہیں۔ اس لئے اُنْصُرْنَا یعنی مدد کی طلب سے پہلے استقامت کو طلب کیا گیا ہے کیونکہ استقامت سے نہ صرف مدد اترتی ہے بلکہ اس پر قائم رہنے سے نعمت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے کہ

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ

بے شک وہ لوگ جنہوں نے اقرار کرلیا کہ ہمارا رب اللہ ہے، پھر اس پر قائم رہے، ان پر فرشتے اتریں گے کہ تم نہ اندیشہ کرو، نہ رنج کرو اور تم جنت پر خوش رہو جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔

درحقیقت دعائے حزب البحر کا یہ فقرہ اسی آیت کا ترجمان ہے۔ چونکہ توفیق استقامت کا فیضان حق تعالیٰ ہی کی جانب سے ہے، لہٰذا پڑھنے والے کو چاہئے کہ اس فقرہ کو مندرجہ بالا آیت کے تناظر میں اس تصور کے ساتھ پڑھے کہ اے رب! انسئلك العصمة میں جس پاکیزگی وحفاظت کا سوال تیری بارگاہ میں کیا ہے، اس پر ہمیں استقامت نصیب فرمادے کہ کھل جائے تیرا باب کرم ہم پر اور اپنی رحمت کی چادر میں ہم کو ایسے ڈھانپ لے کہ تیری تائید شامل ہوجائے ہمارے تمام کاموں میں اور ہمارے لئے تابع کردے وہ ساری سعادتیں جو حاجات کو پورا کرنے میں ہماری معاون ومددگار رہیں۔

بقیہ (ص 17) اسمائے حسنیٰ کے اعمال

❷ اگر کسی خاص اور جائز مقصد کیلئے سات سو (700) مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا تو ان شاء اللہ، وہ مقصد پورا ہوگا۔

❸ جو کسی رنج میں مبتلا ہو، ہر روز ستر (۷۰) بار پڑھے، ان شاء اللہ رنج سے نجات پائے گا۔ جو اسے لکھ کر کھالیا کرے، شر شیطان سے بچ جائے گا۔

❹ جو کوئی اس اسم کو سو (100) بار پڑھے گا، شیطان کے شر اور وسوسے نڈر ہوگا۔

❺ اس اسم کی کثرت عبادات میں وسوسے کا بہترین علاج ہے۔

صدقہ کیا ہے؟......صدقہ کی برکتیں

(عربی سے ترجمہ شدہ)

یہ واقعہ ایک سعودی نوجوان کا ہے۔ یہ اپنی زندگی سے مطمئن نہیں تھا۔ اس کی تنخواہ صرف چار ہزار (4000) ریال تھی۔ شادی شدہ ہونے کی وجہ سے اس کے اخراجات اس کی تنخواہ سے کہیں زیادہ تھے۔ مہینہ ختم ہونے سے پہلے ہی اس کی تنخواہ ختم ہو جاتی اور اسے قرض لینا پڑتا۔ یوں وہ آہستہ آہستہ قرضوں کی دلدل میں ڈوبتا جا رہا تھا اور اس کا یقین بنتا جا رہا تھا کہ اب اس کی زندگی اسی حال میں ہی گزرے گی باوجود یکہ اس کی بیوی اس کی معاشی حالت کا خیال کرتی لیکن قرضوں کے بوجھ میں تو سانس لینا بھی دشوار ہوتا ہے۔

ایک دن وہ اپنے دوستوں کی مجلس میں گیا۔ وہاں اس دن ایک ایسا دوست بھی موجود تھا جو صاحب رائے آدمی تھا اور اس نوجوان کا کہنا تھا کہ ''میں اپنے اس دوست کے مشوروں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں۔ میں نے اسے باتوں باتوں میں اپنی کہانی کہہ سنائی اور اپنی مالی مشکلات اس کے سامنے رکھیں۔'' اس نے میری بات سنی اور کہا کہ ''میری رائے یہ ہے کہ تم اپنی تنخواہ میں سے کچھ حصہ صدقہ کے لیے مختص کرو۔'' اس سعودی نوجوان نے حیرت سے کہا ''جناب! مجھے گھر کے خرچے پورے کرنے کے لیے قرضے لینے پڑتے ہیں اور آپ صدقہ نکالنے کا کہہ رہے ہیں؟''

خیر میں نے گھر آ کر اپنی بیوی کو ساری بات بتائی تو بیوی کہنے لگی ''تجربہ کرنے میں کیا حرج ہے؟ ہو سکتا ہے اللہ جل شانہٗ تم پر رزق کے دروازے کھول دے۔''

کہتا ہے ''میں نے ماہانہ 4 ہزار ریال میں سے 30 ریال صدقہ کے لیے مختص کرنے کا ارادہ کیا اور مہینے کے آخر میں اسے ادا کرنا شروع کر دیا۔ سبحان اللہ! قسم کھا کر کہتا ہوں میری تو حالت ہی بدل گئی۔ کہاں میں ہر وقت مالی ٹینشن اور سوچوں میں رہتا تھا اور کہاں اب میری زندگی گویا پھول جیسی ہو گئی تھی۔ ہلکی پھلکی اور آسان۔ قرضوں کے باوجود میں خود کو آزاد محسوس کرتا تھا۔ ایک ایسا ذہنی سکون تھا کہ کیا بتاؤں۔

پھر چند ماہ بعد میں نے اپنی زندگی کو ترتیب دینا شروع کیا۔ اپنی تنخواہ کو حصوں میں تقسیم کیا اور یوں ایسی برکت ہوئی جیسے پہلے کبھی نہیں ہوئی تھی۔ میں نے حساب لگا لیا اور مجھے اندازہ ہو گیا کہ کتنی مدت میں ان شاءاللہ قرضوں کے بوجھ سے میری جان چھوٹ جائے گی۔

پھر اللہ کریم نے ایک اور راستہ کھولا اور میں نے اپنے ایک عزیز کے ساتھ اس کے پراپرٹی ڈیلنگ کے کام میں حصہ لینا شروع کیا۔ میں اسے گاہک لا کر دیتا اور اس پر مجھے مناسب منافع حاصل ہوتا۔

الحمدللہ! میں جب بھی کسی گاہک کے پاس جاتا، وہ میری کسی دوسرے گاہک تک راہنمائی ضرور کرتا۔

میں یہاں پر بھی وہی عمل دوہراتا کہ مجھے جب بھی منافع ملتا، میں اس میں سے اللہ کے لیے صدقہ ضرور نکالتا۔

اللہ کی قسم! صدقہ کیا ہے؟ کوئی نہیں جانتا سوائے اس کے جس نے اسے آزمایا ہو۔''

صدقہ کرو اور صبر سے چلو۔ اللہ کے فضل سے خیر و برکتیں اپنی آنکھوں برستے دیکھو گے۔

نوٹ:

٭٭......جب آپ کسی مسلمان کو آمدنی میں سے صدقہ کے لیے رقم مختص کرنے کا کہیں گے اور وہ اس پر عمل کرے گا تو آپ کو بھی اتنا ہی اجر ملے گا جتنا صدقہ کرنے والے کو ملے گا۔ اور صدقہ دینے والے کے اجر میں کوئی کمی واقع نہیں ہوگی۔

سوچیے!!! آپ اس دنیا سے چلے جائیں گے اور آپ کے سبب آپ کے پیچھے کوئی صدقہ کر رہا ہوگا۔

٭٭......ایسے ہی اگر آپ نے یہ مضمون آگے نشر کیا اور کسی نے صدقہ دینے کا معمول بنا لیا آپ کے لیے بھی صدقہ دینے والے کے مثل اجر ہے۔ (جیسے میں نے اس مضمون کو پڑھ کر صدقہ کرنے کا معمول بنایا اور قسم کھا کر کہتا ہوں مجھے سب سے زیادہ فرق میری ذہنی حالت پر پڑا۔ ایک ایسا اطمینان محسوس

ہوتا ہے کہ جس کا جواب نہیں۔ مترجم)

میرے عزیز!!! اگر آپ طالب علم ہیں اور آپ کو لگا بندھا وظیفہ ملتا ہے تب بھی آپ تھوڑا بہت جتنا ہو سکے کچھ رقم صدقہ کے لیے ضرور مختص کریں۔

اگر صدقہ کرنے والا جان لے اور سمجھ لے کہ اس کا صدقہ غریب کے ہاتھ میں جانے سے پہلے اللہ کریم کے ہاتھ میں جاتا ہے تو یقیناً صدقہ دینے والے کو سکون صدقہ لینے والے سے کہیں زیادہ ہوگا۔

کیا آپ کو صدقہ کے فوائد معلوم ہیں؟

خاص طور پر 17، 18، 19 کو توجہ سے پڑھیئے گا۔

سن لیں! صدقہ دینے والے بھی اور جو اس کا سبب بنتے ہیں وہ بھی!!!

1 صدقہ جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے۔

2 صدقہ اعمال صالحہ میں افضل عمل ہے، اور سب سے افضل صدقہ کھانا کھلانا ہے۔

3 صدقہ قیامت کے دن سایہ ہوگا اور اپنے دینے والے کو آگ سے خلاصی دلائے گا۔

4 صدقہ اللہ جل جلالہ کے غضب کو ٹھنڈا کرتا ہے اور قبر کی گرمی کی ٹھنڈک کا سامان ہے۔

5 میت کے لیے بہترین ہدیہ اور سب سے زیادہ نفع بخش چیز صدقہ ہے۔ اور صدقہ کے ثواب کو اللہ تعالیٰ بڑھاتے رہتے ہیں۔

6 صدقہ مصفی ہے، نفس کی پاکی کا ذریعہ اور نیکیوں کو بڑھاتا ہے۔

7 صدقہ قیامت کے دن صدقہ کرنے والے کے چہرے کا سرور اور تازگی کا سبب ہے۔

8 صدقہ قیامت کی ہولناکی کے خوف سے امان ہے اور گزرے ہوئے پر افسوس نہیں ہونے دیتا۔

9 صدقہ گناہوں کی مغفرت کا سبب اور سیئات کا کفارہ ہے۔

10 صدقہ خوشخبری ہے حسن خاتمہ کی، اور فرشتوں کی دعا کا سبب ہے۔

11 صدقہ دینے والا بہترین لوگوں میں سے ہے اور اس کا ثواب ہر اس شخص کو ملتا ہے جو اس میں کسی طور پر بھی شریک ہو۔

12 صدقہ دینے والے سے خیر کثیر اور بڑے اجر کا وعدہ ہے۔

13 خرچ کرنا آدمی کو متقین کی صف میں شامل کر دیتا ہے اور صدقہ کرنے والے سے اللہ کے مخلوق محبت کرتی ہے۔

14 صدقہ کرنا جود و کرم اور سخاوت کی علامت ہے۔

15 صدقہ دعاؤں کے قبول ہونے اور مشکلوں سے نکلنے کا ذریعہ ہے۔

16 صدقہ بلاء (مصیبت) کو دور کرتا ہے اور دنیا میں ستر (70) دروازے برائی کے بند کرتا ہے۔

17 صدقہ عمر میں اور مال میں اضافے کا سبب ہے۔ کامیابی اور رزق کریم کا سبب ہے۔

18 صدقہ علاج بھی ہے، دواء بھی اور شفاء بھی۔

19 صدقہ آگ سے جلنے، غرق ہونے، چوری اور بری موت کو روکتا ہے۔

20 صدقہ کا اجر ملتا ہے، چاہے صدقہ جانوروں اور پرندوں پر ہی کیوں نا ہو۔

آخری بات: بہترین صدقہ اس وقت یہ ہے کہ آپ اس مضمون کو صدقہ کی نیت سے آگے نشر کر دیں۔

ماہنامہ خزینۂ روحانیات
50
مئی 2023ء
دارالعمل چشتیہ فلاحی مرکز
سرمایہ کاری کیجئے اور جنت کمائیے
سسکتی اور مظلوم انسانیت کی مدد کیجئے، پریشان حال لوگوں کیلئے
دارالعمل چشتیہ فلاحی مرکز امید کی کرن ہے
دارالعمل چشتیہ فلاحی مرکز کے اہداف
● قرآنی مکاتیب کا قیام ● غرباء کو علاج معالجہ کیلئے وسائل مہیا کرنا ● مختلف دینی مدارس میں مقیم غریب طلبہ کی کفالت ● نابینا افراد کی تعلیمی سرگرمیوں میں معاونت ● بیواؤں، یتیموں کی پرورش کے لیے ماہانہ وظیفہ ● مسافر طلبہ میں کتب و انعامات کی تقسیم ● نادار بہن بھائیوں کو نیا یا استعمال شدہ لباس کی فراہمی ● غریب گھرانوں میں ماہانہ غذائی اجناس فراہم کرنا ● زلزلہ زدگان کی امداد ● متاثرین سیلاب کے ساتھ تعاون ● مساجد کی تعمیر میں حصہ ● مدارس کے اخراجات میں تعاون اور ان جیسے خدمت خلق کے کاموں میں ہمارا ہاتھ بٹائیں اور ہزاروں افراد کی دعائیں لیجئے
ان تمام صدقات جاریہ میں شرکت کے لئے زکوۃ، صدقات، فطرہ، عطیات دارالعمل چشتیہ فلاحی مرکز کو عنایت فرمائیے۔ مزید تفصیلات کے لئے رابطہ فرمائیں:
042-35410586, 0312-7772772, 0322-4773786
دارالعمل چشتیہ کی شائع کردہ کتب جو ہر گھر کی اہم ضرورت ہیں
1 لاعلاج امراض سے شفاء کا خاص قرآنی عمل ہر قسم کے موذی، مہلک، جان لیوا اور لاعلاج امراض سے شفاء پانے کیلئے یقین اور اعتماد کے ساتھ اس قرآنی عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ یہ عمل اللہ کے غیبی خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ اس کی عام اجازت ہے۔
عام قیمت: 40 روپے رعایتی قیمت: 30 روپے
2 شیطان و آسیب بھگانے کا خاص قرآنی عمل قیمت: 100 روپے
اس عمل کا دم کرنے سے شیطان و آسیب مریض کو چھوڑ کر فوراً راہِ فرار اختیار کرتے ہیں۔
3 شیطان و آسیب کو کمزور کرنے کا خاص قرآنی عمل قیمت: 100 روپے
4 منزل (فی سبیل اللہ) منزل جسمانی بیماریوں کیلئے بھی ایک تیر بہدف عمل ہے۔
5 یٰسین شریف (فی سبیل اللہ) اس کی تلاوت کرنے سے حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔
6 اللہ اکسیر عمل قرآنی ان آیات کا ہر حاجت و مشکل میں پڑھنا حصول مدعا و مقصود کیلئے اکسیر ہے۔ ہر مقصد کے یقینی حصول کیلئے لاجواب عمل۔
قیمت: 30 روپے
شعبہ نشرو اشاعت 0322-4773786, 042-35410586
darulamal.org/publications, info@darulamal.org
منتخب کلام نظام رامپوری
مرتب: محمد فیصل قیمت 140 روپے صفحات: 136
دل تو اس بزم سے ہوتا نہیں اٹھنے کو نظام ☆ حیات نظام ☆ تو بھی اس شوخ سے واقف ہے بتا کچھ تو نظام ☆ نظام، مشاہیر کی نظر میں ☆ کلیات نظام، ایک مختصر تاریخ
منتخب کلام حسرت موہانی
انتخاب: جنید آزر قیمت 130 روپے صفحات: 234
☆ مولانا حسرت موہانی ☆ مختصر حالات زندگی ☆ حسرت موہانی مشاہیر کی نظر میں ☆ طلبہ اور اہل ذوق کے لئے شاعری کا بہترین انتخاب
بہتر نشتر
مرتبہ: ڈاکٹر بدر منیر قیمت 480 روپے صفحات: 218
میر تقی میر ☆ اسد اللہ خان غالب ☆ داغ دہلوی ☆ اکبر الہ آبادی ☆ علامہ اقبال ☆ فراق گورکھپوری ☆ جگر مراد آبادی ☆ فیض احمد فیض ☆ ناصر کاظمی ☆ احمد فراز ☆ پروین شاکر
بڑی مکمل اصلی انڈین کتاب
کوک شاستر
صرف بالغوں کیلئے
اول دوم یکجا کتاب
مصنف: شری مان پنڈت کوکا رام قیمت: 1500 روپے صفحات: 370
قدیم شاستروں کے اصول ☆ بازاری عورت سے نقصانات ☆ غیر عورت ☆ بری عورت ☆ پدمنی کے اوصاف ☆ چترنی عورت کے مفصل حالات ☆ تیسری قسم کی سنکھنی عورت ☆ چوتھی قسم کی ہستنی عورت ☆ اوقات جماع ☆ ممنوعہ عورتوں ☆ بیان حیض ☆ صحبت کا وقت ☆ حاملہ کے خاص اوصاف ☆ لڑکے لڑکی کی شناخت ☆ شناخت کام وتی عورت ☆ شہوت پرست عورتیں ☆ سیلان الرحم ورحم سے خون کے آنے کو روکنے والی دوائی ☆ اندام نہانی میں لال رنگ کی پھنسیاں ☆ حیض کو جاری کرنے کی ادویات ☆ جنتر برائے دفعیہ مرض اٹھرا ☆ نلوں کے درد کی دوائی برائے حاملہ ☆ چھاتیوں میں دودھ جم جانے کا علاج ☆ حاملہ عورت کی سوزش کا علاج ☆ پشو کا دودھ بڑھے ☆ بانجھ پن کا مجرب علاج ☆ احتلام کو دور کرنے کا تنتر ☆ قوت باہ کو بڑھانے کی دوائی ☆ سرعت انزال ☆ نقشی ہاتھ برائے سمت ☆ تسخیر محبوب کا نایاب عمل ☆
مکتبۃ العارف
0332-4487877 042-35410586 maktabatulaarif
0323-4487877 maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com
مکتبۃ العارف
0332-4487877 042-35410586 maktabatulaarif
0323-4487877 maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com
عارفی پرفیومز میں دستیاب عربی، انڈین عطر اور فرنچ پرفیوم آئل کی تفصیل
https://bit.ly/3jnD8K8

مقالہ کینسر کے اسباب و علامات اور روحانی و جسمانی علاج

از: صوفی ضیاء الرحمن شاہ (راولپنڈی)

کینسر کیا ہے

کینسر بیماری کا ایک ایسا عمل ہے جو جسم کے کسی بڑے حصے کو متاثر کر سکتا ہے اور اس کی دو سو (200) سے زائد مختلف اقسام ہیں۔ ہمارا جسم خلیات سے مل کر بنتا ہے اور یہ خلیات ہماری پیدائش سے لے کر موت تک ایک جیسے نہیں رہتے بلکہ مختلف خلیات اپنی زندگی پوری ہونے پر ایک طے شدہ منصوبہ بندی کے تحت مر جاتے ہیں اور ان کی جگہ ضرورت کے مطابق نئے خلیات پیدا ہو جاتے ہیں۔ اور اس طرح عام طور پر ہمارے جسم کے خلیات مکمل طور پر ہمارے جسم کی ضرورت کے مطابق قابو میں رکھے جاتے ہیں یعنی جب کسی خلیے کی زندگی پوری ہو جاتی ہے تو وہ مر جاتا ہے اور جب کسی نئے خلیے کی ضرورت ہوتی ہے تو نیا خلیہ پیدا کر لیا جاتا ہے۔ جبکہ مرض سرطان کی صورت میں اس نظام میں متعدد وجوہات کی بنا پر خلل پیدا ہو جاتا ہے اور جسم کی ضرورت کے بغیر اور طلب سے زیادہ نئے خلیات بلاوجہ ہی پیدا ہوتے چلے جاتے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ وہ خلیات جن کی ضرورت باقی نہیں رہی اور جن کا مر جانا ہی جسم کے لیے بہتر ہے وہ اپنے وقت پر نا صرف یہ کہ مرتے نہیں ہیں بلکہ ایک طرح سے لافانی ہو جاتے ہیں۔ اب اگر غور کیا جائے تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ جب بلاوجہ نئے خلیات بنتے چلے جائیں اور پرانے ناکارہ خلیات بھی اپنی جگہ برقرار رہیں تو جسم کے اس حصے میں کہ جہاں یہ عمل واقع ہو رہا ہو (خواہ وہ حصہ گردہ ہو یا دماغ یا کوئی اور) تو وہاں غیر ضروری خلیات کا ایک ڈھیر لگ جائے گا اور اسی خلیات کے اضافی ڈھیر کو سرطان یا کینسر کہا جاتا ہے۔

کینسر میں جسم کے کسی بھی عضو کے خلیے بے ترتیبی سے تقسیم ہونے لگتے ہیں۔ خلیوں کی تقسیم کا یہ عمل جسمانی نظام کے تابع نہیں ہوتا۔ ابتدا میں کینسر اس عضو میں ہی محدود رہتا ہے۔ بعد میں دوسرے قریبی اعضاء اور آخری مراحل میں جسم کے تمام اعضاء میں پھیل جاتا ہے۔

کینسر مرد و خواتین دونوں میں عمر کے کسی بھی حصے میں ہو سکتا ہے اور جسم کے کسی بھی عضو یا حصے کو متاثر کر سکتا ہے۔ خواتین میں کینسر کی عام اقسام میں چھاتی اور مردوں میں پراسٹیٹ، پھیپھڑوں، انتڑیوں، معدے اور خون کا کینسر شامل ہے۔

کینسر کی علامات

کینسر کی مخصوص علامات ہوتی ہیں۔ لیکن اس کی اہم علامات مندرجہ ذیل ہیں:

جسم کے کسی بھی حصے میں گلٹی، جسم پر مندمل نہ ہونے والا کوئی السر/زخم، مسلسل کھانسی یا کھانسی میں خون آنا یا آواز کا بیٹھ جانا، مسلسل بدہضمی کی شکایت، نگلنے میں مشکل یا قے آنا، قضائے حاجت کی عادت میں تبدیلی، پیشاب یا پاخانے میں خون آنا، اندام نہانی سے خون کا غیر متوقع اخراج ہونا، بغیر کسی وجہ کے وزن میں کمی ہونا، بغیر کسی وجہ کے بھوک کم ہو جانا، جلد پر کسی تل میں تبدیلی آنا۔

کینسر کی وجوہات

کینسر کی عام وجوہات مندرجہ ذیل ہیں:

کھانا بغیر چبائے کھانا۔ کھانا کھانے کے دوران کولڈ ڈرنکس اور پانی کثرت کے ساتھ پینا خاص طور پر کھانا کھانے کے آخر میں پینا۔ برائلر مرغیوں ان کے گوشت سے بنی پراڈکٹس کا کثرت سے استعمال۔ سگریٹ نوشی۔ شراب نوشی۔ نشہ۔ غیر فطری اور غیر محفوظ جنسی تسکین۔ جادو۔ سحر آسیب زدہ جگہوں پر غیر محتاط قیام اور جادو سحر آسیب سے شدید متاثر ہو جانے کے بعد پیدا شدہ امراض بھی کینسر کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

شراب نوشی۔ سگریٹ نوشی منہ، گلے اور جگر کے کینسر کا بہت تیزی کے

ساتھ سبب بن رہی اور وطن عزیز میں تیزی کے ساتھ پھیل رہا ہے۔

اسی طرح تابکاری، سورج کی الٹرا وائلٹ شعاعیں اور مختلف قسم کے جان لیوا وائرس بھی کینسر کا باعث بن رہے ہیں۔

کینسر کی بروقت تشخیص

درحقیقت گزشتہ سال انٹرنیشنل ایجنسی فار ریسرچ آن کینسر کی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ دنیا بھر میں ایک محتاط اندازے کے مطابق 3 کروڑ 81 لاکھ کینسر کے نئے کیسز سامنے آئے جبکہ 96 لاکھ مریضوں کی موت کینسر کی وجہ سے رجسٹر ہو چکی ہے۔

اموات کی شرح میں اضافے کی وجوہات پہلے ہی بیان کر چکا ہوں۔

ابتدائی مراحل پر ہی کینسر کی تشخیص ہو جانے کی صورت میں کئی کینسر ایسے ہیں جن کا علاج کامیابی سے کیا جا سکتا ہے۔ ابتدائی مرحلے میں کینسر کی علامات ظاہر نہ ہونے کے باعث یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مریض ان سے آگاہ ہی نہ ہو جبکہ دوسری صورت میں مریض ان علامات کو نظر انداز کرتا ہے اور اس طرح کینسر کا وہ مرحلہ آ جاتا ہے جس کا کامیاب علاج ناممکن ہو جاتا ہے۔

کینسر کی بروقت تشخیص اسی وقت ممکن ہے جب باقاعدہ طبی معائنہ کروایا جائے۔ ڈاکٹر کی ہدایات پر عمل کیا جائے اور اوپر بیان کی گئی کینسر کی علامات ظاہر ہونے پر فوری طور پر معالج سے رابطہ کیا جائے۔

کینسر سے بچاؤ

کئی سالوں کی تحقیق سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ کھانے پینے کی مختلف اشیاء کے صحیح انتخاب اور صحیح علاج کا انتخاب کر کے مختلف اقسام کے کینسر سے بچا جا سکتا ہے۔ صحیح اور مناسب غذا سے جسم کی ٹھیک نشوونما ہوتی ہے اور اس کی قوت مدافعت میں اضافہ ہوتا ہے۔

صحت افزا کھانوں کا انتخاب

کینسر سے حفاظت کیلئے 8 مفید چیزیں (1 پودینہ) کینسر کو ختم کرتا ہے (2) طبی ماہرین کے مطابق مچھلی کا باقاعدہ استعمال مثانے کے کینسر کو بڑھنے سے 50 فیصد تک روک سکتا ہے جس کے باعث اس مرض کی وجہ سے ہونے والی ہلاکتوں میں بھی کمی واقع ہو سکتی ہے (3) پابندی کے ساتھ غرغرے کرنے والا گلے کے کینسر سے محفوظ رہتا ہے (4) کڑوے بادام یا ایرانی بادام "کینسر" کی روک تھام کی خصوصیت رکھتے ہیں (5) ہری (سبز) مرچ کینسر کو روکنے کی خصوصیت رکھتی ہے (6) گائے کا دودھ کینسر سے بچاتا ہے (7) اسٹابری (Strawberry) کینسر سے نجات دینے میں مدد کرتی ہے۔

کینسر کے گھریلو علاج

(1) پسا ہوا کالا زیرہ تین تین (3،3) گرام دن میں تین (3) مرتبہ پانی سے استعمال کیجئے (2) روزانہ چٹکی بھر پسی ہوئی خالص ہلدی کھانے سے ان شاء اللہ کینسر نہیں ہوگا۔

ریشہ دار غذائیں

ایسی غذائیں پودوں سے حاصل ہوتی ہیں۔ ان کی موجودگی نظام ہضم کو صحیح رکھنے اور اس کے سارے حصوں کو اپنا اپنا کام صحیح طور پر انجام دینے کے لیے بہت ضروری ہے۔ زیادہ ریشہ دار اور کم چربی والی غذا بڑی آنت کے کینسر کے خطرے کو دور کرتی ہے۔ ریشہ دار غذاؤں میں پھل، سبزیاں، سلاد، اناج، پھلیاں وغیرہ شامل ہیں۔ روزانہ کی خوراک میں شامل ریشہ دار غذاؤں کا ہونا ضروری ہے۔

اچھی غذا کے انتخاب کے لیے رہنما اصول

1 مختلف قسم کی غذا استعمال کیجیے:

کوئی ایک غذا جسم کی تمام ضروریات کو پورا نہیں کرتی اس لیے بہتر ہے کہ مختلف قسم کی غذا بدل کر استعمال کی جائے۔ مثلاً پھل، سبزیاں، اناج، گوشت، مرغی کا گوشت، مچھلی، پھلیاں، سلاد، پنیر اور مکھن وغیرہ۔

2 اپنے وزن کو کنٹرول کیجیے:

موٹاپا بہت سی بیماریوں مثلاً دل کی بیماریاں، بلڈ پریشر اور کینسر کو دعوت دیتا ہے۔ ان سے بچنے کے لیے وزن کو کنٹرول کریں۔ ہمیشہ بھوک رکھ کر کھائیں اور مرغن اور ثقیل غذاؤں سے پرہیز کریں۔ (جاری ہے)

وہ میرے سامنے دس پندرہ منٹ سے سر جھکائے بیٹھی کچھ سوچے جا رہی تھی۔ میں نے بھی کچھ نہیں کہا۔ ایک دم سے کہنے لگی: ''ڈاکٹر صاحب! سمجھ نہیں آتی کہ کہاں سے شروع کروں کوئی سرا ہاتھ نہیں آ رہا۔ میں دو (2) سال سے شادی شدہ ہوں، ایک بچہ ہے، گھر میں کسی چیز کی کمی نہیں ہے، جو مانگو وہ مل جاتا ہے، ہر خواہش پوری کر دی جاتی ہے مگر۔''

پھر خاموشی تھی۔ اپنے بیگ کی سٹرپ کو گھمانے لگی اور کہنے لگی: ''ڈاکٹر صاحب! مجھے بے حد غصہ آنے لگا ہے۔ بچے پہ، خود پہ اور کبھی کبھی اپنے شوہر پر بھی۔ کبھی کبھی بے وجہ ہی رونے لگتی ہوں، بہت اداس ہو جاتی ہوں، پتہ نہیں کیا ہو گیا ہے پانچ چھ ماہ سے۔''

اتنا کہہ کر وہ خاموش ہو گئی اور فرش پہ پڑے قالین کو گھورنے لگی۔ میں نے شوہر کے بارے میں چند سوالات کیے جن کے جوابات میرے اندازے کے مطابق تھے۔

''شوہر جاب کرتے ہیں۔ گھر آ کر کھانا کھایا۔ موبائل پکڑا، سوشل میڈیا استعمال کرنے لگتے ہیں یا گیمز کھیلنے لگتے ہیں۔ بیوی سے بس تھوڑی بہت بات کرتے ہیں۔ بچے سے سکول کا پوچھ لیا یا کچھ چاہیے تو نہیں اور بس۔ چھٹی والے دن دیر تک سوتے ہیں اور اُٹھ کر دوستوں کے ساتھ باہر چلے جاتے ہیں۔''

بیوی کو یہ بھی یاد نہیں کہ کب آخری دفعہ سب لوگ باہر گھومنے گئے تھے؟ ہاں مگر شوہر دو ہفتے بعد ایک ڈنر ضرور باہر کرواتے ہیں۔

میں نے کہا: ''میں سمجھ نہیں سکتا نہ آپ کو محسوس کر سکتا ہوں۔ درد جس کو ہوتا ہے وہی جانتا ہے۔ میں آپ کی تکلیف کم کرنے میں مدد کر سکتا ہوں۔

سوال: آپ کی فرینڈز ہیں؟...... جواب: ہاں۔

سوال: آپ کی بات ہوتی ہے؟...... جواب: بہت کم بات ہوتی ہے۔

سوال: آخری دفعہ کب ملی تھیں؟...... جواب: مدتیں گزر گئیں۔

سوال: آپ کے مشاغل کیا ہیں؟...... ڈاکٹر صاحب! شادی کے بعد سے تو کوئی بھی نہیں ہیں۔

ایسے ہی سوال کیے جن کے جواب ایک نا اُمید انسان جیسے تھے یا جو جینا بھول گیا ہو۔

''لڑکی! آج سے نہیں ابھی سے جینا شروع کر دو۔ اپنی دوستوں کو کال کرو، ملنے کا پلان بناؤ۔ اُن کے ساتھ گھومو پھرو۔ بچے کو بھی ساتھ رکھو، وہ بھی انجوائے کرے گا، سوشل ہو جائے گا۔ بہت کچھ نیا سیکھے گا۔ بچوں سے، لوگوں سے ملے گا، ویژن بڑھے گا۔ پرسنیلٹی میں نکھار آئے گا۔ آپ کا غصہ، اندر کی خاموشی، لفظوں کا روپ دھار لے گی۔ جب بولنے لگیں گی تو طبیعت میں بدلاؤ آنے لگے گا۔ انسان بولتا تب ہے جب کوئی سننے والا ہو۔ اپنی پسند کی کتابوں کی لسٹ بنائیں۔ ہر روز پڑھنا، سننا اور دیکھنا شروع کر دیں۔ آپ کے پاس اداس رہنے کا، غصہ کرنے کا وقت ہی نہیں بچے گا۔

لڑکی تو چلی گئی مگر بہت ساری سوچیں چھوڑ گئی......

میں شادی شدہ مردوں سے کہنا چاہوں گا کہ آپ کا ساتھی ایک دن چلا جائے گا، فون آپ کے پاس ہی رہ جائے گا۔ آپ تب بولنا چاہیں گے مگر دیواروں کے علاوہ سننے والا کوئی نہیں ہوگا۔ کیونکہ جس اولاد کو آج آپ نظر انداز کر رہے ہیں، اُن کے سامنے فون استعمال کر رہے ہیں، وہ اس چیز کو نارمل سمجھیں گے اور بڑے ہو کر وہ بھی کریں گے۔ آپ بیوی کو وقت نہیں دیتے، سنتے نہیں اُس کی باتیں، نہ اُس سے پوچھتے ہیں کہ آج کا دن کیسا رہا؟ اداس کیوں ہو؟ چلو واک کر آتے ہیں۔ کسی دن پکنک پر ہم دونوں چلتے ہیں، تم اور میں اور کوئی نہیں۔ جانتے ہیں کتنی باتیں اُن کی زبانوں پہ ان کہی رہ جاتی ہیں، جو منہ تک آتے آتے دم توڑ دیتی ہیں۔ یہ آپ کی بے حسی اور توجہ نہ دینے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ وہ باتیں جو اُن آپ سے کرنا چاہتی ہیں، وہ ایک کسک بن کر اندر رہ جاتی ہیں۔ جو ایک دن غصے، بے وجہ آنسوؤں اور اداسی کا سبب بنتی ہیں۔ اور پھر آپ پوچھتے ہیں کہ کیا ہوا؟ کیوں رو رہی ہو؟

سوشل میڈیا کا دور ہے۔ کسی دن تکلیف میں آ کر کسی اجنبی سے اپنے دل کا حال کہہ بیٹھے گی۔ وہ اجنبی پیار کے دو بول بول کر پتہ نہیں کیا کچھ کر جائے۔ ساری عمروں کے رونے آپ کا مقدر بن جائیں۔ سیل فون، آپ کے کام، یہیں رہیں گے مگر وہ چلی جائے گی۔

برکت کیا ہے؟

ابو محمد مصعب

* برکت اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے بندے کے لئے خصوصی انعام ہوتا ہے۔

* برکت کو بیان نہیں، محسوس کیا جا سکتا ہے۔ جب آپ آمدن واخراجات کے حساب کتاب کے چکر میں پڑے بغیر اور بنا کسی ٹینشن کے اپنا کچن چلا رہے ہوں تو اسے برکت کہتے ہیں۔ پھر چاہے آپ کی آمدن ایک لاکھ ہو یا ایک ہزار۔ اس کی سب سے بڑی نشانی دل کا اطمینان ہوتا ہے جو کہ بڑے بڑے سیٹھوں اور سرمایہ داروں کو نصیب نہیں ہوتا۔

* اگر برکت دیکھنی ہو تو سخت گرمیوں میں روڈ کھودتے کسی مزدور کو کھانے کے وقفہ میں دیکھ لیں، جب وہ دیوار کی اوٹ لے کر اپنی چادر پھیلا کر بیٹھتا ہے، اپنا ٹفن کھول کر اس پر روٹی بچھاتا ہے۔ پھر اچار کی چند قاشیں نکال کر اس پر ڈال دیتا ہے اور بسم اللہ پڑھ کر نوالہ توڑتا ہے۔ اس کیفیت میں جو قرار اور دلی اطمینان اس کو محسوس ہو رہا ہوتا ہے وہ کسی لکھ پتی کو میک ڈونلڈ اور کے ایف سی کے مہنگے برگر کھا کر بھی نصیب نہیں ہوتا۔

* برکت کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے گھر کے افراد کو کسی بڑی بیماری یا مصیبت سے محفوظ رکھتا ہے۔ انسان، اسپتال اور ڈاکٹروں کے چکروں سے بچا رہتا ہے۔ یوں اس کی آمدن پانی کی طرح بہہ جانے سے محفوظ رہ جاتی ہے۔

* برکت کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ آپ کی بیوی قناعت پسند اور شکر گذار ہے۔ وہ تھوڑے پر راضی ہو جاتی ہے۔ کپڑوں، میک اپ اور دیگر فرمائشوں سے آپ کی جیب پر بوجھ نہیں بنتی۔ یوں آپ کو اطمینان قلب کے ساتھ ساتھ مالی مشکلوں سے بھی بچا لیتی ہے۔

* برکت کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے نیک اور شکر گذار اولاد عطا کی ہے۔ وہ اپنے دوستوں کی دیکھا دیکھی، آئے دن آپ سے نئی نئی فرمائشیں (مثلاً موبائل، کپڑے، جوتے وغیرہ) نہیں کرتی بلکہ قانع اور شاکر رہتی ہے۔

* برکت کا تعلق مادی ذرائع کے برعکس اللہ تعالیٰ کی غیبی امداد سے ہے۔ ایسی غیبی امداد جو نہ صرف آپ کے قلب کو اطمینان کا سرور دے بلکہ آپ کی ضروریات بھی آپ کی آمدن کے اندر اندر پوری ہو جائیں۔

یہ تو تھی مال اور آمدن میں برکت۔ اسی طرح وقت اور زندگی میں برکت ہوتی ہے۔

* وقت میں برکت یہ ہے کہ آپ کم وقت میں زیادہ اور نتیجہ خیز کام کر سکیں۔ آپ کا وقت ادھر ادھر فضول چیزوں میں ضائع نہ ہو۔

* اسی طرح عمر میں برکت یہ ہے کہ آپ کی زندگی برے کاموں میں خرچ نہ ہو رہی ہو بلکہ اچھے کاموں میں صرف ہو رہی ہو۔

* کم کھانا، زیادہ افراد میں پورا پڑ جانا بھی برکت ہے۔

* آپ کی کم محنت کا پھل زیادہ آمدن یا پیداوار کی صورت میں نکلنا بھی برکت ہے۔

یوں سمجھیں کہ برکت اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے بندے کے لیے ”سپیشل انعام“ ہے۔

برکت کے حصول کا نہایت آسان طریقہ صدقہ کرنا ہے یا کسی یتیم کی کفالت کرنا ہے۔

آپ اپنے خاندان میں یا محلہ میں دیکھیں کوئی یتیم ہو، اس کو اپنا بیٹا یا بیٹی بنا لیں، اس کی پرورش اسی طرح کریں جیسے اپنی سگی اولاد کی جاتی ہے۔ پھر دیکھیں کس طرح برکت آپ کے گھر چھپر پھاڑ کر آتی ہے۔

بھول جائیں کہ جس گھر میں لوگ دن چڑھے تک سوتے رہتے ہوں، وہاں کبھی برکت آئے گی۔ کیوں کہ نبی کریم ﷺ کے ارشاد کا مفہوم ہے کہ ”میری امت کے لیے دن کے اولین حصے میں برکت رکھ دی گئی ہے۔“ اسی طرح شوقیہ کتا پالنا، تصویریں اور میوزک بھی برکت کے اٹھ جانے کے اسباب میں سے ہیں۔ اس کے علاوہ لباس اور جسم کی پاکی اور حلال ذریعہ آمدن برکت کے حصول کے لیے لازم وملزوم ہیں۔ کوئی سودی اور ناجائز کاروبار میں ملوث ہو یا جسم اور کپڑوں کو ناپاک رکھتا ہو، پھر برکت کا امیدوار بھی ہو تو اس کی سادہ لوحی پر حیران ہی ہوا جا سکتا ہے۔

ماہنامہ خزینۂ روحانیات
56
مئی 2023ء
حضرت خواجہ پیر صوفی الشاہ غلام سرور شباب علوی قادری سجادہ نشین
دربار عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ علوی قادری
اجازت کے ساتھ ھدیہ: 12000 روپے
بحر طلسمات
از افادات
طلسمات کی دنیا میں ایک بے بہا اضافہ جسے رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا۔ بحر طلسمات میں امور زندگی کے تمام مسائل کے حل کے لئے اسماء الحسنیٰ۔ قرآنی آیات اور مختلف قرآنی سورتوں کے طلسمات دئے گئے ہیں۔ جو اپنے اثرات میں قوی الاثر اور سریع التاثیر بھی ہیں۔ واضح رہے کہ طلسمات، تعویذات سے اپنے اثرات ظاہر کرنے میں زیادہ موثر ہوا کرتے ہیں۔ زمانہ قدیم سے عصر حاضر کے تمام اہل روحانیت کا اس پر اتفاق ہے۔ مشتاقان روحانیت کے لئے ایک انمول تحفہ ہے۔ جو ہزاروں کتب سے آپ کو بے نیاز کردے گا۔
طلسم کیا ہے؟ ☆ بحر طلسمات پڑھنے والوں کے لئے آگاہی ☆ اجازت نامہ کتاب بحر طلسمات ☆ روحانیت پسند کون ہیں؟ ☆ طلسم کی اقسام کیا ہیں؟ ☆ گہری روحانی بات ☆ ابجد کی کہانی اہل فارس اور عرب کی زبانی ☆ جدول جمل کبیر ☆ چھوٹے جملوں کی جدول ☆ شخص اور جگہ، سہ پائی، بخور ☆ عطر سے طلسم کو معطر کرنا۔ طلسم کیسے لکھا جائے؟ ☆ عدد اور حروف۔ پرہیز۔ طلسمات کو استعمال کرنے کا طریقہ ☆ طلسمات میں استعمال ہونے والے اعداد ☆ طلسم نمبر 1۔ ظالم دشمن سے انتقام کا طلسم ☆ طلسم نمبر 2۔ لاجواب استخارہ کا طلسم ☆ طلسم نمبر 3۔ روزی رزق کھولنے کا طلسم
0332-4487877 0323-4487877 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
maktabatulaarif maktabatulaarif maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com
لوح ترقی دولت
مالدار ہونا ہر ایک شخص کی پہلی اور آخری دلی آرزو، خواہش اور حسرت ہوتی ہے۔ ہر انسان چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو وافر مقدار میں مال و دولت نصیب فرمائیں اور اس میں دن دوگنی رات چوگنی ترقی اور اضافہ ہوتا رہے تاکہ وہ کسی بھی نیکی اور خیر کے موقع سے محروم نہ رہے۔ ظاہر ہے کہ دولت ہوگی، مال ہوگا تو وہ ہر کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے گا، غریبوں کے تعاون کی بات ہو یا نادار و مسکین لوگوں کے علاج معالجے، کی مساجد و مدارس میں تعاون کی بات ہو یا ان کی تعمیر میں حصہ ملانے کی، رفاہی اداروں میں فنڈ دینے کا معاملہ ہو یا ہسپتال وغیرہ تعمیر کروانے کا، مستحقین کو خوش کرنے کا مسئلہ ہو یا کسی غریب بہن، بیٹی کے جہیز میں تعاون کا، ہر جگہ دولت اور مال کی ضرورت ہے۔ اور اس ضرورت کو لوح ترقی دولت پورا کرے گی، ان شاء اللہ۔
ھدیہ 1600 روپے علاوہ ڈاک خرچ
لوح امساک مردانہ کمزوری
ایسے بے شمار مریض کہ جنہوں نے بہت اچھے، بہت بڑے، بہت ماہر، بہت نامور، حکیموں اور ڈاکٹروں سے مردانہ کمزوری کا علاج کروایا۔ ان کو فائدہ نہیں ہوا۔ ان کو لوح امساک وطاقت بنا کر دی گئی۔ اللہ پاک نے کرم فرمادیا۔ چونکہ بے شمار مریض ایسے ہیں کہ جادو کی وجہ سے، جنات کی وجہ سے، آسیب کی وجہ سے، نظر بد کی وجہ سے، بندش کی وجہ سے وہ مردانہ طاقتوں سے محروم ہیں۔ ایسے تمام مریضوں کے لیے بلکہ دور حاضر میں ہر ایک مرد کیلئے لوح امساک ایک بہترین روحانی تحفہ ہے۔ لوح امساک وطاقت آپ کو ایک مکمل مرد، طاقت ور مرد، پاورفل مرد بنا دیتی ہے۔ آزمائش شرط ہے۔ اسے بنوائیے۔ پاس رکھیئے اور اللہ پاک نے جو ایک مرد کے ذمے بیوی کا حق رکھا ہے اس کو بھرپور انداز میں پورا کیجیے۔ اور شرمندگی، ندامت، رسوائی اور ذلت سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے محفوظ ہو جائیے۔
ھدیہ 1600 روپے علاوہ ڈاک خرچ
روحانی دکان دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0320-4312272
0334-4312272 042-35420586
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
روحانی دکان دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0320-4312272
0334-4312272 042-35420586
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
روحانی علاج گاہ کی روحانی خدمات کی مکمل تفصیل http://darulamal.org/ruhaniilajgah

لنگر برائے ترقی روحانیت

روحانی درسگاہ کے طلباء وطالبات کے لیے

● روحانی اعمال کی مضبوطی کے لئے ● روحانی اعمال کی طاقت کے لئے ● روحانی اعمال میں ترقی کے لئے ● روحانی اعمال میں تیزی کے لئے ● روحانی اعمال کو مؤثر ترین بنانے کے لئے ہر نوچندی اتوار کو دارالعمل میں خاص لنگر کا عرصہ دراز سے اہتمام کیا جارہا ہے۔ روحانی درسگاہ کے پرانے طلباء وطالبات کے پُرزور اصرار پر اور نئے طلباء وطالبات کی خواہش کی تکمیل کو مدنظر رکھتے ہوئے مجلس شوریٰ کی مشاورت کے بعد تمام طلباء وطالبات کے لئے خوشخبری ہے کہ آپ بھی اب اس خاص لنگر میں شامل ہوسکتے ہیں۔

نصف حصہ: 500 روپے | مکمل حصہ: 1000 روپے

ruhaniilajgah 0342-7772772 042-35410586

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com

0324-7772772 ruhaniilajgah96

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی جلد نمبر 13 مکمل ہوگئی ہے۔ تمام ممبران وقارئین کیلئے مکمل جلد خریدنے پر 30% خصوصی رعایت

مکمل جلد 1070 روپے — رعایتی قیمت 750 روپے

اس جلد میں آپ کو بے شمار قیمتی مضامین پڑھنے کو ملیں گے۔ چند مضامین درج ذیل ہیں۔

آسیب سے نجات اور حفاظت کے عملیات۔ آسیب کی تسخیر کے اعمال۔ آیات قرآنی برائے دفعیہ اثر جن وآسیب۔ تمام امراض کیلئے تیر بہدف تحفہ۔ سحری بندش اولاد۔ تمام امراض کیلئے تیر بہدف تحفہ۔ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں لانے والے کلمات۔ جادو اور جنات سے نجات کے مجرب اعمال۔ چہل کاف اور تسخیر کے اعمال۔ سورۂ اخلاص کے خادم کی تین (3) روزہ تسخیر۔ عملیات دُشمن۔ دشمنوں کو تباہ وبرباد کرنے اور سزا دینے کا خاص عمل۔ مرد اور عورت دونوں کی سحری جنسی بندش۔ خاندان ولی اللّٰہی کے اعمال۔ البرکات المکیۃ فی الصلوات النبویۃ۔ تسخیر جنات کے اعمال۔ درگاہ پر شفایابی کے چند واقعات۔ موذی امراض سے نجات۔ مجرب اعمال شر۔ شادی ونکاح کے نورانی تعویذات۔ جسمانی امراض کے علاج کیلئے نورانی تعویذات۔

خزینہ روحانیات
0322-4773786 042-35410586 khazinaeruhaniyat
0332-8773786 khazinaeruhaniyat
darulamal.org/magazines/ruhani khazinaeruhaniyaat@gmail.com

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

مئی 2023ء

تاریخ ____________

نام ____________ والد ____________

والدہ ____________ مکمل پتہ ____________

موبائل نمبر ____________

Email (اگر ہو) ____________

مطلوبہ علاج ____________

نوٹ: علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

0324-7772772 | 0342-7772772 | 042-35420586

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

مئی 2023ء

تاریخ ____________

نام ____________ والد ____________

والدہ ____________ مکمل پتہ ____________

موبائل نمبر ____________

Email (اگر ہو) ____________

مطلوبہ اعمال ____________

نوٹ: رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

0333-7772775 | 0309-7772775 | 042-35420586

ماہنامہ
خزینہ روحانیات
لاہور